## ججوں کی تقرری کے معاملے پرحکومت اورعدلیہ کے درمیان جاری بحران کا خاتمہ خوش آئند ہے۔الطاف حسین

## بحران کا خاتمہ ملک وقوم،حکومت اور جمہوری نظام کے وسیع تر مفاد میں ہے،جس سے تمام جمہوریت پسندعوام نے بھی سکون کا سانس لیا ہے

## فہم وفراست اورتدبر کے ذریعے بحران کوحل کرنے پرصدر آصف زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور

## چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چوہدری کومبارکباد پیش کرتا ہوں۔الطاف حسین

## بحران کے حل پر دیگر تمام جج صاحبان،وکلاء برادری اورسیاسی کارکنوں سمیت پوری قوم کوالطاف حسین کی مبارکباد

## پاکستان کوآج جن مشکلات اورخطرات کا سامنا ہے اس میں مفاہمت اورمصالحت کا راستہ ہی

## ملک،سسٹم اورجمہوریت کے بہترین مفاد میں ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔17 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ججوں کی تقرری کے معاملے پرحکومت اورعدلیہ کے درمیان جاری بحران کے خاتمہ کوخوش آئند قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کا شروع دن سے ہی یہ مؤقف تھا کہ تصادم اورمحاذ آرائی کسی بھی طرح ملک،جمہوریت اورنظام حکومت کیلئے بہترنہیں ہےاورمعاملات کوافہام وتفہیم کے ذریعے ہی حل کیا جانا چاہیے۔آج وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اورسپریم کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس افتخار چوہدری کے درمیان ہونے والی ملاقات اوراس کے بعدوزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ججوں کی تقرری کے بارے میں جو اعلان کیا ہے وہ انتہائی خوش آئند ہے اور چندروز سے جاری اس بحران کا خاتمہ ملک وقوم،حکومت اور جمہوری نظام کے وسیع تر مفاد میں ہے جس سے یقیناً تمام جمہوریت پسندعوام نے بھی سکون کا سانس لیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کوآج جن مشکلات اورخطرات کا سامنا ہے اس میں مفاہمت اورمصالحت کا راستہ ہی ملک،سسٹم اورجمہوریت کے بہترین مفاد میں ہے۔جناب الطاف حسین نے فہم وفراست اورتدبر کے ذریعےاس بحران کوحل کرنے پرصدر آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اورچیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس افتخار محمد چوہدری کومبارکباد پیش کی۔انہوں نے بحران کے حل پر دیگر تمام جج صاحبان،وکلاء برادری اورسیاسی کارکنوں سمیت پوری قوم کوبھی مبارکباد پیش کی اورامید ظاہر کی کہ آئندہ بھی تمام معاملات کوافہام وتفہیم کے ذریعے حل کیا جائے گا۔

## صدر ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست کونسلر نورعلی کی شہادت پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔17،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست کونسلر نورعلی کی شہادت پرگہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اورکہا ہے کہ میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اورنورعلی کی شہادت پرغم زدہ ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نورعلی شہید کواپنی جواررحمت میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)واضح رہے کہ نورعلی چہلم کے موقع پرعزاداران حسین کی بس پردھماکہ میں زخمیوں کوقائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پرخون کے عطیات دینے کیلئے جناح اسپتال پہنچے تھے کہ جناح اسپتال میں بم دھماکہ میں شدید زخمی ہوگئے تھےاورنجی اسپتال میں زیرعلاج تھے۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی حق پرست کونسلر نورعلی کی شہادت پردلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئےنورعلی کی مغفرت،ان کے بلند درجات اورسوگواران کیلئے صبرجمیل کی دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی منہ بولی ماں اورحق پرست رکن قومی اسمبلی کشورزہرہ کی والدہ کی فاتحہ سوئم جمعرات کوہوگی

لندن۔۔۔17،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی ماں اورحق پرست رکن قومی اسمبلی وایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ کشورزہرہ کی والدہ آل فاطمہ مرحومہ کی فاتحہ سوئم 18 فروری بروز جمعرات بعدنماز ظہر مدینۃ العلم گلشن اقبال بلاک 5 میں ہوگی جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی اور بعدازاں مجلس عزا منعقد کی جائے گی۔

## جناح اسپتال بم دھماکہ میں زخمی ہونے والے یوسی 10 صدر ٹاؤن کے حق پرست کونسلر نور علی زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہوگئے

## نور علی خون کے عطیات دینے کیلئے جناح اسپتال گئے تھے کہ دھماکہ میں شدید زخمی ہوگئے

## بم دھماکہ میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنان کی تعداد 8 ہوگئی

کراچی۔۔۔17، فروری 2010ء

چہلم کے موقع پر جناح اسپتال کے باہر بم دھماکہ میں زخمی ہونے والے صدر ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست کونسلر نور علی ولد امجد علی 12 روز تک زندگی وموت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہوگئے۔ (انا اللہ وانا الیہ راجعون) صدر ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست کونسلر نور علی شہید کی عمر 37 برس تھی اور وہ شادی شدہ تھے۔نور علی کونسلر 5 فروری کو کراچی کے علاقے شاہراہ فیصل نرسری پل کے قریب عزاداروں کی بس پر بم دھماکہ کے زخمیوں کو متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خون کے عطیات دینے کیلئے جناح اسپتال پہنچے تھے کہ جناح اسپتال کے باہر ہونے والے دوسرے بم دھماکہ میں شدید زخمی ہوگئے تھے جبکہ جناح اسپتال بم دھماکے میں صدر ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست ناظم محمد خلیل سمیت ایم کیو ایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ وارڈ 4 کے 7 کارکنان خرم حکیم، شفیع الدین، غلام مرتضیٰ، جمیل احمد، محمد شاہد، کاشف حسین شہید ہوچکے ہیں اس طرح جناح اسپتال بم دھماکے میں شہید ہونیوالے ایم کیو ایم کے کارکنان کی تعداد 8 ہوگئی۔نور علی کراچی کے نجی اسپتال میں زیر علاج تھے کہ گزشتہ روز ان کی حالات اچانک خراب ہوگئی اور ڈاکٹرز کی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ جان بر نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جا ملے۔نور علی شہید کے سوگواران میں بیوہ، دو بچے اور بہن بھائی شامل ہیں۔دریں اثناء نور علی کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی حق پرست منتخب عوامی نمائندے اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان اسپتال پہنچ گئے۔اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، شہید کے بھائی اور دیگر عزیز واقارب شدید غم نڈھال تھے جنہوں موقع پر موجود ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔

## جناح اسپتال بم دھماکہ میں زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہونے والے یوسی 10 صدر ٹاؤن کے حق پرست کونسلر نور علی شہید سپرد خاک

## نور علی شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست سٹی ناظم سمیت منتخب عوامی نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔17، فروری 2010ء

چہلم کے موقع پر جناح اسپتال بم دھماکہ میں زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہونے والے صدر ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست کونسلر نور علی شہید کو ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان شہداء قبرستان یٰسین آباد میں سپرد خاک کردیا گیا۔نور علی شہید کی نماز جنازہ شیرٹن کمپاؤنڈ ابراہیم ٹیرس کے سامنے فریئر ٹاؤن میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک، سیف یار خان، حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، رکن سندھ اسمبلی طاہر قریشی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، مختلف سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔صدر ٹاؤن یوسی 10 کے کونسلر نور علی جناح اسپتال میں ہونے والے حالیہ بم دھماکہ میں اس وقت شدید زخمی ہوگئے تھے جب وہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر نرسری بم دھماکہ کے زخمیوں کو خون کے عطیہ دینے کیلئے جناح اسپتال پہنچے تھے کہ جناح اسپتال کے باہر ہونیوالے خوفناک بم دھماکہ میں جہاں ایم کیو ایم کے یوسی ناظم اور 7 کارکنان سمیت متعدد افراد شہید ہوئے وہاں نور علی کونسلر شدید زخمی ہوگئے تھے اور انہیں کراچی کے نجی اسپتال میں طبّی دی جارہی تھی کہ 12 دن تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد نور علی شہید ہوگئے، اس طرح جناح اسپتال بم دھماکہ میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنان کی تعداد 8 ہوگئی۔دریں اثناء نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، خواتین حق پرست اراکین اسمبلی اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے شہید کے گھر جاکر سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور شہید کی مغفرت، بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## برطانوی ہیومین رائٹس پارلیمانی گروپ کی علمائے کرام سے ملاقات

کراچی۔۔۔17،فروری2010ء

برطانوی ہیومین رائٹس پارلیمانی گروپ کے ارکان Dr.Martin Lou،Lione Blackmanاور Salim Malik پر مشتمل تین رکنی وفد نے حق پرست صوبائی وزیر رضاہارون کے ہمراہ مختلف مسالک اور مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ان کی رہائشگاہ جاکر ملاقاتیں کیں اوران سے پاکستان خصوصا کراچی میں مذہبی رواداری،فرقہ وارانہ ہم آہنگی،اس سلسلے میں ایم کیوایم کے کردار اور مذہبی آزادی سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ہیومین رائٹس کے برطانوی وفد نے علامہ عباس کمیلی،علامہ عون محمد نقوی،علامہ مرزا یوسف،مولانا مسعود حسین مسعودی،مولانا اکرام حسین ترمزی،علامہ زہیر عباس عابدی،علامہ علی کرار نقوی،علامہ اطہر علی جعفری مشہدی مولانا محمد عباس سمیت دیگر علمائے کرام شامل ہیں۔اس موقع پر جمشیدٹاؤن کے حق پرست ناظم جاوید احمد بھی موجود تھے،برطانوی وفد کچھ دیر علمائے کرام کے ہمراہ رہا انہوں نے شہر میں قیام امن کیلئے ایم کیوایم اور علمائے کرام کے کردار کو بھی سراہا۔

## معروف کرکٹر سرفراز نواز کے بھائی جاوید نواز کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف کرکٹر سرفراز نواز کے بھائی جاوید نواز کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اورمرحوم کی مغفرت اوران کے بلند درجات کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سرفراز نواز سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاوید نواز مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او تعلیمی اداروں میں طلبہ کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن مثبت اقدامات کررہی ہے اورطلبہ کو نصابی وغیرنصابی سرگرمیوں کے ذریعے تعلیمی میدان میں اپنا کردارادا کرنا چاہئے،حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت

## اے پی ایم ایس او کے تحت شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔17فروری2010ء

حق پرست صوبائی وزیرخالد بن ولایت نے کہاہے کہ اے پی ایم ایس او تعلیمی اداروں میں طلبہ کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے اورطلبہ کو بھی نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے تعلیمی میدان میں اپنا کردارادا کرنا چاہئے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزشن کے سیکٹر بی کے زیراہتمام شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد،مرکزی نشرواشاعت سیکریٹری منہاج الابراہیم سمیت سیکٹر بی کے سیکٹر آرگنائزر واراکین سیکٹرکمیٹی و یونٹس کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔صوبائی وزیرخالد بن ولایت نے اے پی ایم ایس او کے مرکزی کابینہ کی ارکان کے ہمراہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔اس ٹورنامنٹ میں مختلف کالجوں کی 16 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔پہلے روز تین میچ کھیلے گئے جس میں سیفی پولی ٹیکنیک میکینکل ڈیپارٹمنٹ نے سراج الدولہ کالج کواور کمپری ہینسوی کالج نے دہلی کالج کو شکست دیدی۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد بن ولایت نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے زیراہتمام شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ انعقاد ہمیں حق پرست شہداء کی یاددلاتا ہے جوحق پرست تحریک کی کامیابی کیلئے نہ صرف اپنی جانوں کا نذرانہ تک نچھاور کرگئے بلکہ انہوں نے اپنے لہو سے نئی تاریخ رقم کی ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کی جانب سے غیرنصابی سرگرمیوں سے طلبہ میں ذہنی نشوونما اور ہم آہنگی کوفروغ ملے گا اورطلبہ اپنی صلاحیتوں کو مزید اُجاگر کرسکیں گے۔اس موقع پر انہوں نے کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر کالج پرنسپل وانتظامیہ اورسیکٹر بی کی سیکٹرکمیٹی ویونٹس کمیٹی کے ذمہ داران کومبارکباد پیش کیا۔تقریب سے اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشرواشاعت سیکریٹری منہاج الابراہیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس اوطلبہ کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کرتی آرہی ہے یہی وجہ ہے کہ اے پی ایم ایس او اپنی سابقہ روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے طلبہ میں نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کوفروغ دیا جوکہ طلبہ میں مثبت سوچ وخیالات کواُجاگر کرنے کا باعث بنے گا۔

☆☆☆☆☆